سوال

(95) وضو کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کلی کرتے وقت، ناک میں پانی ڈالتے وقت، چہرہ دھوتے وقت، دایاں اور بایاں بازو دھوتے وقت اور پاؤں دھوتے وقت کوئی مسنون دعائیں ہیں، جو پڑھنی چاہئیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضو میں ہر عضو کو دھوتے وقت کوئی مخصوص ذکر نہیں البتہ ''احیاء علوم الدین'' اور ''غنیۃ الطالبین'' میں ہر عضو کے لئے مخصوص ذکر کی نشاندہی کی ہے لیکن اس کی کوئی اصل نہیں۔ یہ سب خود ساختہ اور بناوٹی اَذکار ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ: صفحہ:132

محدث فتویٰ